
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت


- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور ہوم ورک میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔


# سیشن 1

**10 منٹ**

- بچوں کو بتائیں کہ ہمارے آس پاس طرح طرح کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ ان میں کچھ شور بھی لگتی ہیں۔ آواز اور شور کا فرق بتائیں۔ بات چیت کے دوران یہ بھی واضح کریں کہ اگر ہمارا موڈ خراب ہو تو ہمیں بھلی آواز بھی شور لگتی ہے۔

- بورڈ پر 2 دائرے بنائیں۔ ایک میں آواز اور دوسرے میں شور کا لفظ درمیان میں لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کون سی آوازیں بری لگتی ہیں۔ بچے جو بتائیں انہیں لکھتی جائیں۔ اچھی یا بھلی آوازیں بھی اسی طرح لکھیں۔




**15 منٹ**

- کہانی شور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔

- 10 - 8 بچوں سے کہانی اس طرح پڑھوائیں کہ چند بچے کہانی پڑھیں اور کچھ بچے ساتھ ساتھ کہانی میں دی گئی آوازیں نکالیں۔ مثلاً:

- اسکول میں بچوں کے کھیلنے کا شور
(سیٹی ہٹو جلدی جلدی کرو بھاگو بھاگو پکڑو پکڑو وغیرہ)

- آسمان میں آتش بازی کا شور (پھٹ پھٹ کڑکڑ وغیرہ)

15 منٹ • واحد جمع پر کام کریں۔ بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ کہانی میں دیئے گئے جمع الفاظ بچوں کے ساتھ مل کر تلاش کریں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان الفاظ کو اپنی کوپی میں اتاریں اور ان کے واحد الفاظ لکھیں۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| بچوں | بچہ |
| سڑکوں | سڑک |
| بلیوں | بلی |
| جھولوں | جھولا |
| تالیوں | تالی |

**ہوم ورک**

5 منٹ • کلاس میں کیئے گئے 3 واحد اور 3 جمع الفاظ کے جملے بنائیں۔


# سیشن 2

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ • بچوں سے پیراگراف لکھوائیں۔

- نیچے دیئے گئے عنوان بورڈ پر لکھیں۔ بچے کسی ایک عنوان پر پیراگراف لکھیں۔
1) کرکٹ کا میچ 2) شادی کی تقریب 3) طوفان 4) اسکول میں بریک کا وقت

- بچوں کو بتائیں کہ پیراگراف لکھنے سے پہلے ذہن میں نقشہ (mindmap) بنائیں کہ کیا لکھنا ہے۔ ہر پوائنٹ کو پہلے ترتیب وار اپنی کوپی میں لکھیں۔ پھر اس کو پیرا گراف کی شکل دیں۔
- بورڈ پر چاروں عنوان کے mindmap بنائیں۔ مثلاً:




**20 منٹ** • بچے اپنی کوپی میں پیراگراف لکھیں۔

## ہوم ورک

**5 منٹ** • املا کی تیاری کریں۔

بلیوں کھیلنے تالیوں تماشائیوں جلوس خریداروں

خرید و فروخت ریڑھی والوں کارخانے کھیت

# سیشن 3

**15 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

- املا کی اصلاح کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

25 منٹ • body movement

- بچوں سے کہیں کہ اپنی جگہ پر کھڑے ہو جائیں اور اچھلیں یا کھڑے کھڑے بھاگنے کا action اس طرح کریں کہ اپنی ہی جگہ پر رہیں۔ بچے اپنی جگہ پر رہتے ہوئے زمین پر بیٹھ جائیں اور اپنے جسم کو چھوٹی بول کی شکل دیں۔

- بچوں کو مختلف آوازیں سنائیں مثلاً شر شر...... ٹھا ٹھا...... بھڑ بھڑ...... سی سی...... بھم بھم۔ بچے ان آوازوں کو اپنی body movement کے ذریعے ظاہر کریں۔
(جیسے اچھل کر لہرا کر دونوں بازو ایک دم اٹھا کر ہاتھوں کو تیزی سے ہلا کر وغیرہ۔)

- اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔ دی گئی آوازوں میں بچوں کی مدد سے اضافہ کریں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • گھر میں کسی جگہ پر خاموشی سے آنکھیں بند کر کے 5 منٹ بیٹھیں۔ جو آوازیں اس دوران سنائی دیں ان کی فہرست بنا کر لائیں۔

## سیشن 4

20 منٹ • ہر بچہ گھر سے آوازوں کی جو فہرست بنا کر لایا ہے ان میں سے 3-2 آوازیں بتائے۔ یہ بھی بتائے کہ کون کون سی آوازیں شور لگیں اور کون سی اچھی لگیں۔ اس بات چیت میں کوشش کریں کہ کلاس کے زیادہ سے زیادہ بچے شامل ہوں۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کہانی شور خاموشی سے پڑھیں۔ پھر اپنی کوپی نکالیں اور کہانی میں دی گئی شور کی آواز کو لکھیں۔ مثلاً:

شور بلیوں کے لڑنے کا
بجلی اور بادل گرجنے کا
کوؤں کی کائیں کائیں کا

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ 5 - 4 ایسی آوازیں جو کانوں کو اچھی لگتی ہوں لکھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- سیشن 5 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق سادہ کاغذ ، پوسٹر کلر اور برش کا انتظام کر لیں۔
- اگلے صفحے پر دیئے گئے word search کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 5

15 منٹ • اردو کے الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ کروائیں۔ بورڈ پر 2 کولم بنائیں۔ ایک کولم میں دیئے گئے الفاظ لکھیں اور بچوں کے ساتھ مل کر ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں کریں۔

| اردو | English |
|---|---|
| آسمان | sky |
| سیٹی | whistle |
| شور | noise |
| بارش | rain |

| اردو | English |
|---|---|
| مچھلی | fish |
| گلی | street |
| بادل | cloud |
| سمندر | sea |

25 منٹ • بچوں میں سادہ کاغذ' برش اور پینٹ تقسیم کریں۔

- ایسی آوازیں جو شور لگتی ہیں ان کے نام بچوں سے پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔

مثلاً: ہارن یا گھنٹی بجانا اونچی آواز سے موسیقی بجنا کتے کا بھونکنا کلاس روم میں شور ہونا وغیرہ

- بچے کسی ایک آواز کو ڈرائینگ کی صورت میں بنائیں اور وہ رنگ جو ان کے خیال میں اس آواز کی نمائندگی کرتے ہوں ان سے تصویر میں رنگ بھریں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • بچوں میں word search تقسیم کریں اور انہیں سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔

نام ______________________ کلاس ______________________

# Word Search

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| M | U | R | D | F | Y | W |
| O | C | F | O | N | K | H |
| R | L | L | I | S | S | I |
| N | V | A | O | S | J | S |
| I | R | Y | N | U | H | T |
| N | O | I | S | E | D | L |
| G | X | A | E | S | Z | E |

CLOUD WHISTLE SKY RAIN NOISE
MORNING DRUM SEA FISH LANE

# شور

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk